01/04/2026
07.40 / PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگرہے ۔خبروں کا بلیٹن لےکر میں شیخ تجمل احمد

پہلے اہم خبروں کی سرخیاں ۔

ہیڈ لائنز

*........ پیٹرولیم اور قدرتی گیس کی مرکزی وزارت کے مطابق رسوئی گیس کی قیمتیں بر قرار۔

*........ سرحدی دیہات ملک کی سلامتی کا پہلا جز// لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا۔

*........ جموں میں اسمبلی کا بجٹ اجلاس جا ری// کئی ممبران نے اُبھارے عوامی اہمیت کے معاملات

اور

*........ گلمرگ میں دو MLD گنجائش والے سویج ٹریٹمنٹ پلانٹ کی تعمیر کو منظوری // اسمبلی میں دی وزیرا علیٰ نے جانکاری۔

پیٹرولیم

پیٹرولیم وقدرتی گیس کی مرکزی وزارت نے کہا ہے کہ کارخانوں اور ہوٹلوں میں استعمال ہونے والے تجارتی ایل پی جی سلنڈرس کی قیمتیں مارکیٹ کے مطابق طے کی جاتی ہیں اور ان کی قیمتوں پرعموماً ہر ماہ نظرِ ثانی کی جاتی ہے۔ وزارت نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر کہا ہے کہ ان کا استعمال ملک میں کُل استعمال ہونے والے ایل پی جی کا 10 فیصد سے بھی کم ہے۔وزارت کے مطابق آج تجارتی سلنڈرس کی قیمت میں اضافہ سعودی کنٹریکٹ پرائس میں 44 فیصد اضافے کی وجہ سے ہوا ہے۔
وزارت نے مزید کہا ہے کہ وزیر اعظم نریندر مودی کے عزم کے مطابق گھریلو صارفین کے مفادات کو مکمل طور پر تحفظ فراہم کیا جا رہا ہے۔رسوئی گیس فی سلنڈر کی قیمت913روپے اور پردھان منتری اُجولا یوجنا کے تحت فراہم کئے جانے والے فی سلنڈر کی قیمت 613روپے میں کوئی تبدیلی نہیں کی گئی ہے۔

سنہا

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ سرحدی دیہات ملک کی سلامتی کا پہلا جز ہے اور سرحدی علاقوں میں رہنے والے لوگ اس سلامتی کو بر قرار رکھنے کیلئے قربانیاں دیتے ہیں۔ان باتوں کا اظہار انہوں نے جموں کے Makwalسرحدی گاؤں میں منعقدہ Vibrant ولیجز پروگرام سے خطاب کے دوران کیا۔لیفٹنٹ گورنر نے حکام کو ہدایت دی کہ وہ سرحدی علاقوں میں رہنے والے لوگوں کیلئے ترتیب دی گئی اسکیموں کے فوائد مستحقین تک پہنچانے کو یقینی بنائیں ۔

اسمبلیGong

*........اب پیش ہیں جموں کشمیرقانون ساز اسمبلی کی آج کی کارروائی سے متعلق خبریں۔

----Gong----

وقفہ صفر

جموں کشمیر قانون ساز اسمبلی کا بجٹ اجلاس جموں میں جاری ہے ۔ وقفہ صفر کے دوران آج کئی ممبران نے عوامی نوعیت کے مسائل اور معاملات ابھارے ۔
ممبر اسمبلی ریاض احمد خان نے ایران میں درماندہ ہوئے جموں کشمیر کے طالب علموں کی وطن واپسی کا معاملہ اٹھایا۔

شبیر احمد کُلے نے سپورٹس سیکٹر میں سرکاری دعوؤں اور زمینی سطح پر دستیاب سہولیات میں تفاوت کا جائزہ لینے کیلئے ایک کمیٹی تشکیل دینے کی مانگ کی ۔
ڈاکٹروں کی کمی کا معاملہ اٹھایا۔Specialist نظام الدین بٹ نے ضلع اسپتال بانڈی پورہ میں
بلونت سنگھ منکوٹیہ نے مختلف سرکاری محکمونکے فنڈس پر کمپٹرولر اینڈ آڈیٹر جنرل کی رپورٹ پر فوری کارروائی کا مطالبہ کیا۔
ایوان میں ارکان قانون سازیہ کی تنخواہوں سے متعلق بھی بحث و مباحثہ ہوا جس میں ڈاکٹر نریندر سنگھ رینہ، جاوید حسن بیگ،رنبیر سنگھ پٹھانیہ، سجاد غنی لون ، نظام الدین بٹ،مظفر اقبال خان اور شبیر احمد کُلے نے حصہ لیا ۔

راتھر
قانون ساز اسمبلی کے سپیکر عبدالرحیم راتھر نے ایوان کی تین فائنانشل کمیٹیوں کے چناؤ کی خاطر نوٹیفکیشن جا ری کا ہے۔ یہ تینوں کمیٹیاں گیارہ گیارہ ارکان پر مشتمل ہونگی۔ اس سلسلے میں نامزدگیاں داخل کرنے کی آخری تاریخ4اپریل مقررہ ہے۔ کاغذات کی جانچ6اپریل کو ہو گی جبکہ8اپریل کو نام واپس لئے جاسکتے ہیں۔ضرورت پڑنے کی صورت میں13اپریل کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔

عمر اسمبلی
وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے آج قانون ساز اسمبلی کو جانکاری دی کہ گلمرگ ڈیولپمنٹ اتھارٹی علاقے میں صفائی ستھرائی اور کوڑا کرکٹ کو ٹھکانے لگانے کا نظام مزید مستحکم بنا رہی ہے ۔
کریری واگورہ عرفان حفیظ لون کے سوال کا جواب دیتے ہوئے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ اس MLA گنجائش والے سویج ٹریٹمنٹ پلانٹ کی تعمیر کو منظوری دی گئی ہے ۔جس MLD مقصد کیلئے دو گلمرگ پیر زادہ فاروق احمد MLA پر 46کروڑ50لاکھ روپے کی لاگت آئے گی ۔ اس موقعے پر شاہ نے ضمنی سوال ابھارا ۔
زڈی بل تنویر صادق کے سوال کا جواب دیتے ہوئے وزیر اعلیٰ نے کہاکہ محکمہ سیاحت// MLA اس سیکٹر سے جڑے افراد کی تربیت سازی اور رجسٹریشن کیلئے مناسب اقدامات کر رہی ہے
-...........CM.......
گُریز نذیر احمد خان نے اس موقعے پر ضمنی سوال اُبھارا-MLA

سریندر کمار
نائب وزیر اعلیٰ سُریندر کمار چودھری نے ایوان کو جانکاری دی کہ کھٹوعہ ضلع کے بسوہلی سیوا دریا اور دیگر کئی مقامی ندی نالوں کے تحفظ کیلئے 18کروڑ Behani Khad علاقے میں تیا رکیاگیا ہے۔ وہ وزیرا علیٰ عمر عبداللہ کے بدلے ممبر اسمبلی درشن DPR روپے لاگت کا کمارکی توجہ دلاؤ نوٹس کے جواب میں بول رہے تھے۔
اننت ناگ پیر زادہ محمد سعید کی توجہ دلاؤ تحریک کے جواب میں نائب وزیر اعلیٰ نے MLA ایوان کو بتایا براکپورہ -کنگن ہال-چھترگل روڈ کو حالیہ سیلابی ریلے کے نتیجے میں کافی نقصان پہنچا ہے ۔

رانا
نذیرا حمد خان گُریزی کی جانب سے پیش کی گئی توجہ دلاؤ نوٹس کا جواب دیتے ہوئے جل wanpora, شکتی کے وزیر جاوید احمد رانا نے ایوان کو بتایاکہ گُریز حلقے میں
علاقوں کو واٹر سپلائی کی موجودہ اسکیموں کے ذریعے مناسب طریقے Badwanاور Khandiyal پر پینے کا صاف پانی فراہم کیا جا رہا ہے۔

جاوید رانا

زڈی بل تنویر صادق کی توجہ دلاؤ تحریک کے جواب میں وزیر نے ایوان کو جانکاری دی MLA کہ موسم سرما کے دوران لگاتار گرتے درجہ حرارت کی وجہ سے دریائے جہلم میں سنگم کے مقام پرپانی کی سطح محض ایک فٹ تک رہی ، تاہم حالیہ بارشوں کے بعد یہ سطح 7فٹ تک پہنچ گئی ہے۔

جاوید ڈار

نریندر سنگھ رینہ کے سوال کا جواب دیتے ہوئے دیہی ترقی اور کواپریٹیوز کے وزیر جاوید احمد ڈار نے ایوان کو جانکاری دی کہ کواپریٹو محکمے نے جموں کشمیر میں کواپریٹیو اثاثوں کو تحفظ فراہم کرنے کیلئے اپنی کوششوں میں سرعت لائی ہے۔

ہاؤس کمیٹی

اسمبلی میناآج کی کارروائی کے دوران جل جیون مشن سے متعلق ہاؤس کمیٹی کو مشن پر اپنا رپورٹ پیش کرنے کیلئے دیئے گئے وقت میں مزید دو ماہ کی توسیع کو منظوری دی گئی۔اس سلسلے میں مذکورہ ہاؤس کمیٹی کے چیر مین جسٹس حسنین مسعود ی نے ایک تحریک پیش کی جس کو زبانی ووٹ کے ذریعے منظور کیا گیا ۔

اس سے قبل ممبران اسمبلی اعجاز جان ، شام لال شرما، سجاد غنی لون ، میر سیف اللہ ، نذیر احمد تاریگامی اور فاروق احمد شاہ نے جل جیون مشن کی عمل آوری سے متعلق کئی خدشات MYخان ، ابھارے ۔

اسپیکر عبدالرحیم راتھر نے کہاکہ ہاؤس کمیٹی نے اپنے کام کا بیشتر حصہ مکمل کیا ہے تاہم کمیٹی کو حتمی رپورٹ پیش کرنے کیلئے مزیدوقت درکار ہے۔

مسعودی

سے متعلق کمیٹی کے چیر مین جسٹس حسنین Subordinate Legislation قانون ساز اسمبلی کی مسعودی نے آج مالی سال 2025-26کیلئے کمیٹی کی رپورٹ قانون ساز اسمبلی میں پیش کی۔

اسمبلی بل

ممبران اسمبلی اعجاز جان ، رنبیر سنگھ پٹھانیہ ،ڈاکٹر رامیشور سنگھ اور ارجن سنگھ راجو نے آج ایوان میں کئی معاملات کے تعلق سے بل پیش کئے تاہم سرکار کی جانب سے یقین دہانی ملنے کے بعد ان ممبران نے اپنے بل واپس لئے۔

دریں اثناءاسمبلی نے تنویر صادق اور سجاد شاہین کی جانب سے دو پرائیویٹ ممبر بلز کو ایوان میں پیش کرنے کی اجازت دی۔

بل مسترد

سرکار نے پی ڈی پی سے وابستہ ممبر اسمبلی وحید الرحمان پرہ کی ڈیلی ویجرس کی مستقلی سے متعلق بل کو مسترد کیا ہے۔ اس کے رد عمل میں پی ڈی پی کے ممبران اسمبلی نے آج ایوان سے واک آوٹ کیا۔

سنیل شرما

قانون ساز اسمبلی میں حزب اختلاف کے لیڈر سنیل شرما نے سرکار کی جانب سے لینڈ گرانٹس بل سے متعلق ایک ترمیمی بل کی حمایت کرنے پر وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کی مخالفت کی ہے۔

کھٹانہ

بی جے پی کے سینئر لیڈر اور راجیہ سبھا ممبر انجینئر غلام علی کھٹانہ نے آج راجیہ سبھا میں جمونو کشمیر میں مرکزی معاونت والی تعلیمی سکیموں کی عمل آوری سے متعلق سوال اٹھایا ۔

تعلیم کے مرکزی وزیر مملکت جینت چودھری نے ان کے سوال کے جواب میں کہا کہ مرکزی سرکار اس شعبے میں مختلف سکیموں اور پروگراموں کے ذریعے جموںو کشمیر کی معاونت کر تی ہے۔

بریک

یہ خبر یں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔
پربھی سما عت کر سکتے ہیں۔ DTH اور AIR خبر یںآپ آکاشو انی کے موبا ئیل ا پلیکشن نیوز آن ہمارے خبروں کے بلیٹن اور نیوز روم کے پروگراموں ، ڈسٹرکٹ نیوز لیٹر، نئی منز لیں اور شہر شہر منظر کے بارے میں آپ اپنا فیڈ بیک ہمارے ای میل ایڈریس Radiokashmir@gmail.com پر بھیج سکتے ہیں ۔

-----Gong-----

ہمارے علاقائی نیوز بلیٹن اور پروگرام یوٹیوب ، ایکس اور انسٹاگرام پر بھی دستیاب ہیں ۔

رادھا کرشنن

نائب صدر جمہوریہ سی پی رادھا کرشنن نے آج اُپ راشٹر پتی بھون نئی دلی میں2027کی مردم شماری کےلئے اپنا اندراج کیا اور اس طرح ملک میں اس مہم کا باضابطہ آغاز ہوا۔

نائب وزیرا علیٰ

محکمے کے ڈیلی ویجروں کو مستقل کرنے PHE نائب وزیر اعلیٰ سریندر کمار چودھری نے کایقین دلایا ہے۔ آج جموں میں اسمبلی کے باہر نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے انہوننے کہاکہ وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے بھی اس ضمن میں اسمبلی کے اندر اپنا بیان دیا ہے۔

...........Surinder...........

سکینہ ایتو

وزیر تعلیم سکینہ ایتو نے آج جموں میں طالب علم کے ایک گروپ کو" وطن کو جانو " پروگرام کے تحت تعلیمی دورے پر روانہ کیا۔ اس موقعے پر کھیل کود کے وزیر ستیش شرما، بانہال MLAسجاد شاہین اورکئی افسران موجود تھے۔

درخشاں

جموںو کشمیر وقف بورڈ کی چیر پرسن ڈاکٹر سید درخشاں اندرابی نے آج تیل بل سرینگر میں مشہور روحانی درگاہ بارہ سادات پر حاضری دی اور عرس کے سلسلے میں وہاں عقیدت مندوں کےلئے دستیاب سہولیات کا جائزہ لیا۔

سیاسیGong

*........اب پیش ہیں مختلف سیاسی جماعتوں کی سرگرمیوں سے متعلق خبریں۔

----Gong----

محبوبہ مفتی

صدر محبوبہ مفتی نے اننت ناگ ضلع میں ابھی تک بند مختلف سیاحتی مقامات کو سیاحوں PDP اور عام لوگوں کیلئے دوبارہ کھولے جانے کی انتظامیہ سے اپیل کی ہے ۔کھنہ بل اننت ناگ میں آج کئی عوامی وفود سے ملنے کے بعد انہوننے میڈیا سے بات کرتے ہوئے کہاکہ لوگوں کو پیٹرولیم مصنوعات اور رسوئی گیس کی بلا خلل دستیابی یقینی بنائی جانی چاہیے۔

...........Mehbooba.......

اس دوران پارٹی کے نو منتخب جنرل سیکریٹری غلام نبی لون ہانجورہ نے آج میڈیا نمائندوں کے ساتھ بات کرتے ہوئے الزام عائد کیا کہ سرکار لوگوں کی خواہشات اور امنگوں کو پور اکرنے میں نا کام ہوئی ہے ۔

این سی

نیشنل کانفرنس کے صوبائی صدر کشمیر ایڈوکیٹ شوکت احمد میر نے آج سرینگر میں پارٹی کارکنوں کے ایک اجلاس سے خطاب کر تے ہوئے کہا کہ سرکار لوگوں کی راحت رسانی کیلئے کام کر رہی ہے ۔
اس دوران پارٹی کی خواتین ونگ کا ایک اجلاس آج صوبائی صدر صبیہ قادری کی صدارت میں منعقد ہوا جس میں تنظیمی امورات پر تبادلہ خیال کیاگیا۔

پون شرما

بی جے پی جمونو کشمیر کے سٹیٹ سیکریٹری پون شرما نے کہا ہے کہ وزیر اعظم نریندر کی قیادت والی سرکار نے ملک میں نکسل واد کا مکمل طور خاتمہ کیا ہے۔ جو ایک خوش آئند قدم ہے۔

یوجنا

ملک میں بزر گ شہریوں کوطبی اور دیگر سہولیات فراہم کرنے کی غرض سے سماجی انصاف کی مرکزی وزارت کی جانب سے متعارف کی گئی راشٹریہ Vayoshri یوجنا کے آج 9سال مکمل ہو رہے ہیں۔ اس سکیم کی رو سے خط افلاس سے نیچے گذر بسر کرنے والے ایسے بزرگ شہریوں،جن کی آمدن 15ہزار روپے ماہانہ سے زیادہ نہیں ہے کو آرام دہ زندگی گذارنے کیلئے مختلف سہولیات فراہم کی جا تی ہیں ۔

جگدیپ

بلڈنگ کمیشن اور کرم یوگی بھارت کے Capacity، Porsenell and Traningڈیپارٹمنٹ آف مشترکہ اہتمام سے کل نئی دلی میں ایک ہفتے تک جاری رہنے والا Sadhana Saptah شروع ہو رہا ہے ۔ Capacity بلڈنگ کمیشن کے پانچویں یوم تاسیس کے سلسلے میں منعقد ہونے والے اس پروگرام کے بارے میں کمیشن کے سیکریٹری جگدیپ گپتا نے آکاشوانی نیوز کو بتایا۔
...........Gupta...........

پاسپورٹ

ریجنل پاسپورٹ آفیسر کشمیر B.S.Rawat نے کہا ہے کہ لوگوں کو پاسپورٹ کی فراہمی سے متعلق سہولیات دستیاب کرانے کیلئے نتیجہ خیز اقدامات کئے جا رہے ہیں ۔آکاشوانی نیوز سرینگرکے ساتھ ایک خصوصی بات چیت کے دوران انہوں نے کہاکہ یہ خدمات لوگوں کی دہلیز تک پہنچانے کیلئے مختلف اضلاع میں خصوصی پاسپورٹ سیوا کیندر قائم کئے گئے ہیں۔
...........Rawat...........

تعزیت

آکاشوانی نیوز سرینگر میں ایڈیٹوریل ایگزیکٹو سہیل احمد بٹ کی خالہ زاد بہن گذشتہ روز انتقال کر گئیں۔ شعبہ خبر کے سربراہ طارق راتھر ، نیو زایڈیٹر اشفاق احمد شاہ اور نیوز روم کے دیگر عملے نے سہیل احمد بٹ اوردیگر لواحقین کے ساتھ تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے مرحومہ کی جنت نشینی کیلئے دُعا کی ہے ۔

ڈائریکٹر

Shreya Singhal نے آج ڈائریکٹر انفارمیشن جموںو کشمیر کا عہدہ سنبھالا۔انہوںنے محکمہ کے افسران اور عملے سے ایک تعارفی میٹنگ منعقد کی۔

اُچت سنگل

Food Van شمالی ریلوے کے جموں ڈویژن نے سرینگر ریلوے اسٹیشن پر اپنی نوعیت کی پہلی کے قیام کو منظوری دی ہے ۔ریلوے کے جموں ڈویژن کے سینئر ڈویژنل کمرشل منیجر اُچت سنگل نے کہاکہ ریلوے مسافروں کو جدید سہولیات فراہم کرنے کا وعدہ بند ہے۔

Gongپولیس

*.......اب پیش ہیں پولیس کی عوام دوست اور منشیات مخالف سرگرمیوں سے متعلق خبریں۔

----Gong----

جموں پولیس

منشیات کے کاروبار کے خلاف اپنی کارروائی جاری رکھتے ہوئے پولیس نے جموں صوبے کے سانبہ ضلع میں امان حسین نامی ایک منشیات فروش کو گرفتار کیاہے ۔

دیپک شرما میموریل بیڈمنٹن ٹورنا PSIامود اشوک ناگپورے نے آج شہیدSSP ادھمپور ضلع کے منٹ کا افتتاح کیا۔

دریں اثنا انہوںنے اسی ٹورنا منٹ کے تحت کھیلے جانے والے پہلے والی بال میچ کابھی افتتاح کیا۔

کشمیر پولیس

کشمیر صوبے میں بھی پولیس کی منشیات مخالف کارروائیاں جا ری ہیں ۔ پولیس نے شوپیان میں عادل احمد مکرو اور سوپور میں عرفان مجید شاہ نامی ڈرگ سمگلروں کو گرفتار کیا ہے۔

دریں اثناءپولیس نے اونتی پورہ میں منشیات کی لعنت کے خلاف بیداری پروگراموں کا انعقاد کیا۔

CIK

نے سوشل میڈیا پلیٹ فارمز کے غلط استعمال کے جرم میں کولگام CIKکاونٹر انٹیلی جنس کشمیر کے تحت سپیشل جج UAPA کے رہنے والے ڈاکٹر عمر فاروق بٹ اور شہزادہ اختر کے خلاف کی عدالت میں ایک کیس درج کیا ہے۔

ان دونوں کے خلاف کشمیر کے حالات کے بارے میں بے بنیاد خبریں پھیلانے کا الزام ہے۔

کرائم برانچ

کرائم برانچ جموں کشمیر کی جرائم سے متعلق خصوصی ونگ نے ڈوڈہ ضلع کے Chilipingal علاقے سے تعلق رکھنے والے فرحت عباس ملک نامی ایک Tendala تحصیل کےChilipingal شخص کے خلاف چیف جوڈیشل مجسٹریٹ سرینگر کی عدالت میں فرد جرم داخل کی ہے ۔ فرحت عباس پر کووڈ19 کے دوران ایک شخص کو بیرون ملک نوکری دلانے کی لالچ دے کر اُس سے ایک موٹی رقم اینٹھنے کا الزام ہے ۔

موسم

محکمہ موسمیات کے مطابق اگلے 24گھنٹوں کے دوران جموں کشمیر میں اکثر مقامات پر گرج چمک کے ساتھ ہلکی بارشیں ہو نے کا امکان ہے ۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 20 اعشاریہ8ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت7 اعشاریہ5ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جموںمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 30 اعشاریہ5ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 17اعشاریہ2 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح6بجکر 17منٹ اور
غروب آفتاب شام6 بجکر52منٹ پر ہو گا۔
اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔
خبروں کا اگلا بلیٹن کل صبح 7.45 منٹ پر
کشمیری میں نشر ہو گا ۔
خدا حافظ
............................................